درخواست برائے ملازمت

کلیم الدین
6-3-3
500 032 حیدرآباد
جون 2008ء

جناب منیجر صاحب
بجاج الائنس انشورنس کمپنی
عابڈس روڈ' حیدرآباد۔

جناب عالی!

روزنامہ ''اعتماد'' مورخہ 20 رمئی 2008ء میں آپ کی کمپنی کا اشتہار ہماری نظروں سے گزرا جس میں ٹائپسٹ کی اسامی پر تقرر کے لیے درخواستیں طلب کی گئی ہیں اس ملازمت کے لیے میں اپنی خدمات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

میری عمر 20 سال ہے میں نے اسی سال بی اے درجہ اول سے کامیاب کیا۔ بی اے میں میرے مضامین انگریزی' معاشیات اور تاریخ تھے۔ اس کے علاوہ میں نے ٹائپ کا امتحان بھی پاس کیا ہے۔ اس درخواست کے ساتھ ٹائپ رائٹنگ کے امتحان میں کامیابی کا سرٹیفکیٹ اور دوسرے صداقت نامے منسلک کررہا ہوں۔

اگر آپ مجھے ملازمت کا موقع دیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ میں اپنے فرائض شناسی اور محنت سے انجام دے کر آپ کو ہر طرح سے مطمئن کرسکوں گا۔ شکریہ

درخواست گذار
دستخط
(محمد کلیم الدین)